علینہ اور عائرہ نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-1841

تاریخ اجراء: 02محرم الحرام1445ھ/21جولائی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

یہ معلوم کرنا تھا کہ بیٹی کا یہ نام رکھ سکتے ہیں: (1)علینہ۔(2)عائرہ۔

ان دونوں ناموں پر رہنمائی کردیں کہ کون سانام رکھ سکتے ہیں اور کونسا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

(1)"علینہ" دراصل "علن" سے صفت مشبہ مؤنث کا صیغہ ہے، جس کا معنی ہے ظاہر ہونا،اور "علینہ" کا معنی ہوگا ظاہر ہونے والی۔اس لحاظ سے یہ نام رکھ سکتے ہیں۔

المنجد میں ہے "علن: ظاہر ہونا۔صفت: عالن وعلِن وعلین۔(المنجد،ص ص582،خزینہ علم وادب،لاہور)

(2)اور "عائرہ"، "عار" سے اسمِ فاعل کا صیغہ ہے اور "عار" کا معنی ہے: شش وپنج کے ساتھ آناجانا اور زمین پر حیران وسرگرداں پھرنا، کاناہوجانا، ضائع کردینا وغیرہ۔ان کے علاوہ بھی کچھ نامناسب معانی ہیں، اس لیے یہ نام نہ رکھا جائے۔

القاموس الوحید میں ہے "عار، عیرا وعیرانا: شش وپنج کے ساتھ آناجانا۔عار الرجل فی الارض: زمین پر حیراں و سرگرداں پھرنا

العائرۃ: مؤنث العائر، شاۃ عائرۃ: پریشان بکری جو دوریوڑوں کے درمیان کسی ایک کے ساتھ شامل ہونے میں متردد ہو۔(القاموس الوحید، ص1146، ادارہ اسلامیات، لاہور)

بہر صورت بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نیک خواتین، مثلاً اُمہات المؤمنین، صحابیات وغیرہا اللہ پاک کی نیک بندیوں کے ناموں پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، چنانچہ حضرت سیّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلَّی اللہ تعالی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: "انکم تدعون یوم

القیامۃ باسماء کم واسماء اباء کم فاحسنوا اسماء کم "یعنی قیامت کے دن تم اپنے اور اپنے آباء کے ناموں سے پکارے جاؤ گے، لہٰذا اپنے اچھے نام رکھا کرو۔(سنن ابو داؤد، کتاب الادب، باب فی تغییر الاسماء، ج4، ص374، الحدیث: 4948، دار احیاء التراث، بیروت)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجیے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net